**JQSS** *(Journal of Quranic and Social Studies)*
*2022, 2(1), 39 -44*

# مولانا محمد یعقوب شرودیؒ اور ان کی تفسیر "کشف القرآن" کا تحقیقی و تعارفی جائزہ

# Molana Muhammad Yaqoob Sherodi & his Tafseer, Kashf ul Quran, Analytical judicial Study.

**Dr. Riaz Ahmed Siddiqui**
Assistant Professor, Chairman: Department of Qur' an o Sunnah Metropolitan University of Karachi.

**Dr. Haseen Bano**
Chairperson Department of Islamic Studies, Metropolitan University Karachi.

**Keywords**
*Muhammad yaqoob , Balochistan, Tafsir,kashaf ul Quran, Urdu- interpretations.*

Dr.Riaz Ahmed Siddiqui and Dr. Haseen Bano (2022 Molana Muhammad Yaqoob Sherodi & his Tafseer, Kashf ul Quran, Analytical judicial Study, *JQSS Journal of Quranic and Social Studies*, 2(1), 39-44.

**Abstract:** *The Holy Quran is the basic Islamic divine book and a complete guide for all field of life. For better explanation of the Quran, Mufassireen and other Muslim Scholars have been engaged in writing Tafasir & books on its explanation and interpretations. Thus, molana Muhammad yaqoob is an Islamic Scholar, from Balochistan. In Islamic Studies, his interest is in Tafsir kashaf ul Quran and Hadith, specifically in Tafsir of The Holy Quran in Birahvi & Urdu languages He has authored many books in Arabic, Urdu & Birahvi languages on Tafsir, Fiqh and various other toipcs. Out of which some books have been published till now. Besides this, he has supervised many research scholars who worked on Tafsir projects. Islamic scholarship and authorship and contribution in the field of Quran and its sciences, are of paramount importance but unfortunately very little number of people from academia know about it.This paper presents a scholarly and analytical study of his contributions in Quranic Studies for the information, easy access and facilitation of research scholars in Islamic Studies..*

Corresponding Author: Email: rasiddiqui47@gmail.com

Content from this work is copyrighted by *JQSS* which permits restricted commercial use, research uses only, provided the original author and source are credited

قر آن کریم بنی نوعِ انسان کے ہدایت کے لیے نازل کی گئی ایسی کتاب ہے کہ جس کے بعد رہتی دنیا کے لیے کسی اور الہامی کتاب کی ضرورت نہیں اور اس کتابِ مبین نے ایک مدت تک عالمِ انسانیت کے سماجی، معاشی و معاشرتی الغرض جملہ شعبہ جات میں انسانی تمدنی ارتقائی سفر میں بھرپور رہنمائی فراہم کی۔ اس کتابِ مقدس کے اصولوں سے استفادے کے لیے ہر زمانے میں ایسے رجالِ کار پیدا کیے گئے کہ جنھوں نے اپنی زندگیاں قرآنی علوم کی تفسیر و تفہیم کے لیے وقف کیں اور اس بحرِ لامحدود سے ایسے نادر و نایاب موتیاں نکالیں کہ جن سے انسانیت فلاح و کامرانی کی شاہراہ پر گامزن ہوئی۔ ہمارے ملک پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں بھی ایک زمانے سے قرآنی و دینی علوم و فنون کی ترویج و تشہیر، تحقیق و تالیف اور روایت و درایت پر مختلف اسالیبِ تحقیق کو بروئے کار لاتے ہوئے یہاں کے علمائے کرامؒ نے قرآن کریم کی تفسیری خدمات کے میدان میں جو تفاسیر قرآن مختلف زبانوں میں تحریر کیں ہیں اور جو ہنوز جاری و ساری ہیں۔

یوں تو تفسیر کے آسمان میں کہیں درخشندہ ستارے بصورت مفسرین جھلملاتے نظر آتے ہیں اور ہر ستارہ اپنا ایک خاص مقام رکھتا ہے اور یہ ستارے انسانیت کے بھٹکے ہوؤں کو راہِ راست کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ فلکِ تفسیر کے ایسے ہی جھلملاتے ہوئے ستاروں میں مولانا محمد یعقوب شر ودیؒ کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں، جنھوں نے اپنی زندگی علوم قرآنی کی ترویج کے لیے وقف کر دی تھی نیز ان کے قرآن کریم سے والہانہ تعلق کا مظہر ان کی تفسیر "کشف القرآن" کی صورت میں موجود ہے۔

## (1) مختصر سوانحی حالات:

مولانا محمد یعقوب شر ودیؒ کی مختصر سوانح کشف القرآن کے مقدمہ میں یوں لکھی ہوئی ہے:

"نام محمد یعقوب والد کا نام فتح محمد ہے۔ وہ بلوچستان کے علاقہ شر ود میں ۱۹۳۰ء کو پیدا ہوئے جو کہ ضلع مستونگ بلوچستان کا ایک مضافاتی علاقہ ہے۔ علاقہ کی مناسبت کی وجہ سے اپنے نام کے ساتھ شر ودی لکھتے تھے۔ آپ کا تعلق سید خیل مشوانی قبیلے (پٹھان) سے ہے۔ آپ کے والد اپنے دور کے جید عالمِ دین تھے۔"(1)

"مفسرِ قرآن کو اللہ تعالیٰ نے خصوصی علم ودیعت کیا تھا، جس کی وجہ سے بیک وقت عربی، فارسی، اردو، براہوئی اور بلوچی زبانوں میں نثر، نظم اور شعر کہتے تھے جبکہ مولانا احمد علی لاہوریؒ، مولانا بنوریؒ اور شیخ القرآن غلام اللہ خانؒ جیسے حضرات کی وفات پر تین زبانوں (عربی، فارسی اور اردو) میں مرثیے، قطعات اور نظم و نثر میں بے مثال شذرات تحریر کیے۔"

## (2) دیگر تصنیفات:

بلوچستان کے نامور دینی و علمی شخصیات میں صاحبِ کشف القرآنؒ ایک کثیر التصنیف شخصیت کے طور پر معروف ہیں، جن کی کئی مختلف موضوعات پر متعدد کتابیں تصنیف شدہ ہیں، جن میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ مراءت الآیات۔
۲۔ اسنی الذریٰ فی تحقیق الجمعۃ فی القریٰ۔
۳۔ مواعظِ شر ودیؒ۔
۴۔ شکر پارہ۔
۵۔ نغماتِ شر ودی۔
۶۔ صدائے حق۔
۷۔ البسالۃ الطارقہ۔

## (3) حصولِ علم:

آپ کے حصولِ علم اور علمی اسفار کی تفصیل درج ذیل ہے:

"موصوفؒ نے ابتدائی تعلیم وتربیت اپنے والد ہی سے حاصل کی۔اس کے بعد مزید تعلیم کے لئے مولانا کمال الدین منگچر (مستونگ) سے علمی استفادہ کرکے، کوئٹہ شہر کے معروف ومقتدر دینی درسگاہ مدرسہ شالدرہ جس کے مولانا عبدالغفور صاحبؒ مہتمم تھے سے علمی پیاس بجھا کر اس کے بعد مولانا ممدوح دورۂ حدیث کی تکمیل کے لئے برصغیر پاک وہند اور عالمِ اسلام کی بین الاقوامی سطح کی اسلامی یونیورسٹی اور عظیم علمی ومقتدر دینی درسگاہ دارالعلوم دیوبند تشریف لے گئے۔جہاں آپ نے دورۂ حدیث ممتاز نمبروں سے پاس کرکے اول پوزیشن حاصل کی، دارالعلوم دیوبند سے واپسی پر آپ معروف ومشہور مفسرِ قرآن مولانا غلام اللہ خانؒ کے مدرسہ تعلیم القرآن (پنڈی) میں درسِ تفسیر کی تحصیل کے لئے تشریف لائے جہاں آپ کو مختصر سا وقت ملا لیکن اس تھوڑی سی مدت میں بھی بہت کچھ علمی دولت آپ نے یہاں سے سمیٹ لی۔یہیں سے آپ کو تفسیر کے ساتھ خصوصی شوق اور جذبہ پیدا ہوا اور اسی جذبے کے تحت آپ نے تفسیر کشف القرآن براہوئی زبان میں لکھی جس کی وجہ سے ہی آپ صاحبِ کشف القرآن کہلائے۔"

## (4) تفسیر "کشف القرآن" مولانا محمد یعقوب شرودیؒ کا اہم علمی و تفسیری کارنامہ:

یہ تفسیر بلوچستان کے علماء اور اہلِ علم حضرات (خصوصاً مدارسِ دینیہ کے طلباء کرام) کے لیے ایک بیش بہا ذخیرہ ہے جبکہ بلوچستان کی سطح پر تفسیری میدان میں ایک اہم علمی کارنامہ خیال کیا جاتا ہے تفسیر کشف القرآن سے متعلق معروف محقق ڈاکٹر انعام الحق کوثر لکھتے ہیں:-

"مفسر مولانا محمد یعقوب شرودیؒ کی تفسیر بزبانِ اردو مکمل آٹھ جلدوں میں لکھی ہوئی ایک جامع تفسیر ہے، جو کہ ۱۹۹۲ء سے شروع ہو کر اپنے ارتقائی مراحل سے گذرتی ہوئی بالآخر ۱۹۹۶ء میں مکمل ہوئی، یہ تفسیر مختلف تفاسیر کا نچوڑ ہے۔اسی لئے بلوچستان میں اس سے استفادہ کیا جاتا ہے۔یہ تفسیر کل آٹھ ہزار صفحات پر مشتمل ایک ضخیم تفسیر ہے۔پہلی جلد میں فضائل قرآن پر جامع ومبسوط مقدمہ موجود ہے جس میں موصوفؒ نے جامع انداز میں اصولِ تفسیر پر سیر حاصل بحث کی ہے۔اور آخری جلد میں تذکرۃ المفسرین بھی موجود ہے اس کے علاوہ مفسرؒ نے کچھ اصطلاحات کو چیدہ چیدہ بیان کیا ہے۔جس سے اس کی افادیت میں نمایاں طور پر اضافہ ہوا ہے۔تفسیر ھذا کئی سالوں کی محنت شاقہ کا حاصل ونچوڑ ہے اور اسے بلاشبہ قرآن پاک کا معجزہ قرار دیا جاسکتا ہے۔"

## (5) تفسیر "کشف خصوصیات وامتیازات۔القرآن" کی ایک جائزہ:

مفسرِ قرآن مولانا محمد یعقوب شرودیؒ کشف القرآن کی خصوصیات اور اس کا منہج واسلوب اس طرح بیان کرتے ہیں:

"میں نے یہ ترجمہ اپنی طرف سے نہیں کیا بلکہ ترجمہ قرآن کے وقت مآخذ کے لئے میں نے تین ترجموں کی طرف رجوع کیا۔

۱۔ پہلا ترجمہ شاہ رفیع الدین دہلویؒ۔

۲۔ دوسرا ترجمہ حضرت شیخ الہندؒ۔

۳۔ تیسرا ترجمہ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ۔"

(6) مفسرؒ مزید لکھتے ہیں:

"مذکورہ بالا تینوں تراجمِ قرآن کریم میرے پیش نظر رہے ہیں، مگر کسی ایک کا پابند نہیں رہا ہوں، جسے اپنے ذوق نے چاہا اردو زبان میں منتقل کر لیا مثلاً:

"هُدًى لِلْمُتَّقِين" کے ذیل میں شاہ رفیع الدینؒ کا ترجمہ ہے:

"راہ بتاتی ہے پرہیز گاروں کی خاطر"۔

جبکہ حضرت تھانویؒ کا ترجمہ ہے:

"راہ بتانے والی ہے اللہ سے ڈرنے والوں کو"۔

اور حضرت شیخ الہندؒ کا ترجمہ ہے:

"راہ بتاتی ہے ڈرنے والوں کو" وغیرہ۔

اس طرح میں نے حضرت تھانویؒ کا ترجمہ لیا ہے ایسے کم مواقع ہوں گے کہ میں اردو زبان کے تقاضوں یا کسی اور وجہ سے باہر نکلا ہوں۔[7]مولانا محمد یعقوب شر ودیؒ مزید لکھتے ہیں:

''تفسیر کشف القرآن میں تحت اللفظ ترجمہ ہے جو زیادہ تر مذکورہ بالا تین ترجموں سے ماخوذ ہے۔"

(8) جبکہ دوسری امتیازی خصوصیت یہ ہے: تفسیر "کشف القرآن" میں تفسیر "بیان القرآن" کے طرز پر بعض مقامات پر تشریحی اجزاء کی پیوند کاری کی گئی ہے۔"

(9) تیسرے نمبر پر آیت سے متعلق باتیں ہیں جس میں کبھی فقہی مسائل ہوتے ہیں کبھی علمی، ادبی یا تصوف سے متعلق نکات و فوائد ہوتے ہیں مگر یہ سب کچھ تفاسیر، احادیث و فقہ کی کتابوں اور علمائے سلف سے ماخوذ ہیں۔ کہیں عبارت کی وضاحت ہو، یا لغوی تحقیق ہو، یا کوئی نحوی ترکیب ہو یا بلاغت یا قراءت سے متعلق کوئی بات ہو تو اس کے لئے ہر صفحے کے نیچے ایک خالی جگہ حاشیہ کے لئے دی گئی ہے جس کے لئے موصوف مفسرؒ نے ''منہ'' کا نشان لگایا ہے۔''

## (6) کشف القرآن کے مصادر و مراجع:

تفسیر کشف القرآن میں مفسرؒ نے جن تفاسیر سے استفادہ کیا ہے ان میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ تفسیر جلالین۔
۲۔ ابن کثیر۔
۳۔ روح المعانی۔
۴۔ تفسیر عثمانی۔
۵۔ موضح القرآن۔
۶۔ تفسیر معارف القرآن۔ (مفتی محمد شفیعؒ)
۷۔ تفسیر معارف القرآن۔ (مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ)
۸۔ تفسیر البحر المحیط۔
۹۔ تفسیرِ خازن۔
۱۰۔ تفسیر مدارک۔
۱۱۔ تفسیرِ کبیر۔
۱۲۔ تفسیرِ قرطبی۔
۱۳۔ تفسیرِ مظہری۔
۱۴۔ تفسیر الدر المنثور۔
۱۵۔ تفسیر جواہر القرآن۔
۱۶۔ کتاب التسہیل۔
۱۷۔ تجرید البیان۔
۱۸۔ تفسیر ضوء البیان۔
۱۹۔ تفسیراتِ احمدیہ۔
۲۰۔ بیان القرآن۔''

(11) مذکورہ بالا اہم مصادر ومراجع سے پتہ چلتا ہے کہ مولانا محمد یعقوب شرودیؒ نے اپنی تفسیر "کشف القرآن"میں جملہ بنیادی مآخذ اور قدیم وجدید تفاسیر سے بالاستیعاب اور بھرپور استفادہ کرتے ہوئے یہ اہم تفسیری شاہکار تفسیری ادب میں ایک اہم علمی وتفسیری کارنامے کی صورت میں پیش کیا، علماء اور اہلِ علم نے اس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے اسے تفسیری ادب میں گراں قدر اور اہم تفسیری کارنامہ قرار دیا ہے۔

**خلاصہ ءبحث:**

مولانا محمد یعقوب شرودیؒ بلوچستان کے علمی ودینی حلقوں بالخصوص بلوچستان کے تفسیری ادب اور مفسرین میں قابلِ ذکر مقام کے حامل ہیں، ان کی تفسیر "کشف القرآن" گوناگوں خصوصیات وامتیازات کی حامل اور بعض ایسے اوصاف سے مزین ہے، جو اسے تفسیری ادب بلوچستان کے تفسیری ذخیرہ اور عصرِ حاضر میں لکھی گئی تفسیروں میں منفرد اور نمایاں مقام عطا کرتی ہے اہلِ علم اور تفسیری ادب سے وابستہ علماء ومفسرین نے اسے اہم تفسیری شاہکار قرار دیا ہے۔ مندرجہ بالا تحقیقی مضمون میں تفسیر "کشف القرآن" کا تحقیقی وتعارفی جائزہ پیش کرتے ہوئے مولانا محمد یعقوب شرودیؒ کے علمی مقام ومرتبے ان کی علمی ودینی خدمات، تفسیر "کشف القرآن" کے اسلوب ومنہج اور خصوصیات وامتیازات کا مختصر جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

## حوالہ جات(*References*)


(1) شرودی، محمد یعقوب، مولانا، اردو تفسیر کشف القرآن(۲۰۱۴ء سیلز اینڈ سروسز کوئٹہ)، ۱:۲۱

*Shroudi, Mohammad Yaqub, Maulana, Urdu Tafsir Kashf Al-Quran 2014 Sales & Services Quetta, 1 : 21*

(2) شرودی، محمد یعقوب، مولانا، مراءت الآیات، (جامعہ رشیدیہ، کوئٹہ، ۲۰۰۱ء)، ۸

*Shrudi, Mohammad Yaqub, Maulana, Marat al-Ayat, Rashidia .University, Quetta, 2001*

(3) ایضاً محولہ بالا تفسیر کشف القرآن ۲۰ — *Ibid*

(4) شرودی، محمد یعقوب، مولانا، اردو تفسیر کشف القرآن، ۷

*Shroudi, Mohammad Yaqub, Maulana, Urdu Tafsir Kashf Al-Quran,7*

(5) کوثر، ڈاکٹر انعام الحق، بلوچستان میں قرآن مجید کے تراجم وتفاسیر، (فکرونظر، اسلام آباد)، 34، شمارہ4، 3: 49

*Kausar, Dr. Inam-ul-Haq, Translations and Interpretations of the Holy Quran in Balochistan, Fikr o Nazar, Islamabad,34,4,3:49*

(6) مولانا محمد یعقوب شرودیؒ کشف القرآن، ایضاً، ۷

*Maulana Muhammad Yaqub Shroudi, Kashf ul Qur'an,7*

(7) ایضاً ۱۰، تا ۱۱ — *ibid*

(8) ایضاً ۱۱ — *ibid*

(9) ایضاً

*ibid*

(10) شرودی، محمد یعقوب، مولانا، اردو تفسیر کشف القرآن، ۳۷تا۳۸

*Shrudi,Mohammad Yaqub, Maulana, Kashf Al-Quran, 37-38*

(11) ایضاً ص20

*ibid*